نقد و تبصرہ

فقہ اسلامی (مفید المفتی)

مصنف : مولانا عبدالاول جونپوری

ناشر : مکتبہ قادریہ۔ جامعہ نظامیہ اندرون لوہاری دروازہ لاہور

صفحات : ۲۹۶ قیمت ۳۰ روپے

مولانا عبدالاول جونپوری (وفات ۱۳۲۹) کا تعلق مولوی کرامت علی کے خانوادے سے ہے۔ یہ خاندان برصغیر میں اپنے علم و فضل اور خدمت دین کی وجہ سے ممتاز و مشہور رہے۔ خود مولانا عبدالاول کی تصنیفات کی تعداد سو سے متجاوز بتائی جاتی ہے۔ زیر تبصرہ کتاب مفید المفتی مصنف کی وفات سے چھ سال پہلے ۱۳۲۳ھ میں مکمل ہوئی اور ۱۳۲۶ھ میں آسی پریس لکھنؤ سے شائع ہوئی۔ ایک عرصہ سے یہ کتاب نایاب تھی۔ ۵، سال بعد مفتی عبدالقیوم ہزاروی ناظم اعلیٰ جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور کی کوشش سے اس کا دوسرا ایڈیشن شائع ہوا ہے

اس کتاب کی جامعیت کا اندازہ اس امر سے لگایا جا سکتا ہے کہ اس میں پہلی صدی ہجری سے لے کر تیرھویں صدی ہجری تک کے علما اور فقہا اور قانون اور فقہ کے میدان میں ان کی علمی خدمات کا تعارف موجود ہے۔ اس کتاب میں فقہ اصول فقہ اور تاریخ فقہ سے متعلق مفید معلومات کا معتدبہ ذخیرہ جمع کر دیا گیا ہے۔ نئے ایڈیشن میں ضمیمے کا اضافہ کر کے اس کو زمانہ حال تک مکمل کرنے کا اہتمام کیا گیا ہے جس کی وجہ سے اس کی افادیت بہت بڑھ گئی ہے۔ فقہ اور تاریخ فقہ پہ کام کرنے والے اسکالروں اور طالب علموں کے لیے ہی نہیں قانون اور انصاف کے پیشہ سے وابستہ افراد کے لئے بھی یہ کتاب بہت کارآمد ہے۔

(شرف الدین اصلاحی)